مطبوعات

سائنس کی دینیات مرتبہ: مظفر حسین صاحب ڈائریکٹر محکمہ زراعت پنجاب (لاہور)
ناشر: پاکستان اسلامک ایجوکیشن کانگریس۔ ۷ فرینڈز کالونی، ملتان روڈ، لاہور۔
صفحات: سوا دو سو۔ کاغذ اچھا۔ طباعت مناسب، سرورق ٹیپ اٹر۔
قیمت: ۲۰/- روپے

ہمارے ہاں ایک اہم مبحث یہ چلا آ رہا ہے کہ سائنس کے متعلق اسلام کا رویہ کیا ہے۔ اور موجودہ مادہ پرستانہ سائنس میں کس پہلو سے کجی و کوتاہی پائی جاتی ہے۔ مگر اس مبحث پر کچھ زیادہ کام نہیں ہوا۔ اور جو ہوا اس میں سے بہت کم حصہ وقیع ہے۔ پیشِ نظر کتاب فکری پیش قدمی کی آئینہ دار ہے۔ اوّل تو اس کا نام ہی خاصا انقلابی ہے اور پھر اندر کے جمع شدہ مقالات کو پڑھ کر ذہن کے سامنے سوچنے کی نئی راہیں کھلتی ہیں۔ زیادہ جگہ نہیں، اس لیے اس کا خلاصہ میں یوں بیان کرتا ہوں کہ سائنسی اور فلسفیانہ ذرائع سے جو حقیقتیں ہمارے سامنے آشکارا ہوتی ہیں اُن سب کو ایک حقیقتِ عظمیٰ کے گرد جمع ہونا چاہیے اور اس سے مطابقت پیدا کرنی چاہیے، ورنہ جب تک انسانی ذہن اور عمل اور اجتماعیت کی تقسیم جاری رہے گی ایک لاینحل خلا موجود رہے گا۔ ڈاکٹر زیڈ اے ہاشمی کا مقالہ "نکتۂ توحید" اور "اسلام اور سائنس" اور "خرد کی نامسلمانی سے فریاد" از ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم سائنس کے متعلق اسلام کے توحیدی شعور کو خوب واضح کر دیتے ہیں۔ رہی سہی کسر مظفر حسین صاحب نے اپنے چار مقالات سے پوری کر دی ہے۔ جن میں ایک طرف قرآن و حدیث سے استدلال کیا گیا ہے اور دوسری